Nestlé Good food, Good life

Press Release

KARACHI, Feb 14, 2023

نیسلے پاکستان کو او آئی سی سی آئی ویمن امپاورمنٹ ایوارڈز2022 میں دوسرا انعام ملا

کراچی: نیسلے پاکستان کو کراچی میں منعقدہ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ویمن امپاورمنٹ ایوارڈز 2022 میں بہترین کارکردگی میں دوسرے انعام سے نوازا گیا۔

یہ اعتراف نیسلے پاکستان کی ایک ایسے ملک میں جامع کلچر کی تشکیل کیلئے مسلسل عزم کا اعادہ ہے جہاں نہ صرف صنفی فرق حیرت کن طور پر بڑھ رہا ہے بلکہ کام کی جگہ پر افرادی قوت میں خواتین کی نمائندگی بھی کم ہے۔

ایوارڈ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کومل الطاف، چیف فنانشل آفیسر، نیسلے پاکستان نے کہا”طویل المدت خوشحالی صرف اسی صورت ممکن ہے جب خواتین کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں۔ ہم اپنے ادارے اور باہر ان اصولوں کو لاگو کرنے کیلئے سخت کام کررہے ہیں۔

کمپنی میں ہرسطح کے رہنما تنوع اور شمولیت کے کلچر کے فروغ میں قائدانہ کردار ادا کرتے ہیں جو کمپنی کے کاروباری منصوبہ کے کی ہر سرگرمی کا بنیادی جزو ہے۔اس سے صنفی مساوات کے بارے میں اقوام متحدہ کے SDGs-5، کام کے سازگار ماحول اور معاشی ترقی کے حوالے سے اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف SDGs-8 اور عدم مساوات میں کمی کے حوالے سے SDGs-10 کے مطابق نہ صرف نیسلے پاکستان کی تنوع اور شمولیت کیلئے عزم اور لگن کا اظہار ہوتا ہے بلکہ ہمارے مشن کو آگے بڑھانے کیلئے ہمیں تحریک ملتی ہے۔

نیسلے پاکستان کا پروگرام ’پھر سے کردکھاؤ“ خواتین کو پھر سے ان کی پیشہ ورانہ زندگی سے منسلک ہونے کیلئے کوچنگ اور تجرباتی لرننگ فراہم کرتا ہے جبکہ ’کرواعتماد‘ فرسودہ خیالات ختم کرنے کے ساتھ ساتھ ملازمت پیشہ خواتین کی کہانیوں کا تبادلہ کرکے یونیورسٹی کی نوجوان خواتین میں امید، عزم اور خود اعتمادی پیداکرنے کی بھر پور کوشش کرتے ہیں۔“

نیسلے پاکستان نیسلے بی آئی ایس پی رول ویمن سیلز جیسے متعدد پروگراموں کے ذریعے معاشرے کی ترقی اور لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کررہا ہے اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سے مستفید ہونے والوں کو روزگار کے مواقع فراہم کررہی ہے۔ اب تک بی آئی ایس پی کے 2200سے زائد بنیفشری دیہی سیلز ایجنٹ بن کر غربت سے نکلنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔

ایوارڈز کے نتائج ایک آزاد جیوری نے مرتب کئے جنہوں نے کمپنیوں کی مختلف پہلوؤں سے کارکردگی کو جانچا اور اچھی کارکردگی مظاہرہ کرنے والوں کومختلف کیٹگریوں میں ایوارڈ سے نوازا۔

مذید معلومات کے لیے رابطہ کریں:
محمد راحت حسین
کارپوریٹ مینیجر پبلک افیئرز اینڈ میڈیا ریلیشنز
نیسلے پاکستان
muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com